پولیو کے دو قطرے
ہر بچہ ہر بار

پولیو مہم
اور علماء کے
فتویٰ جات

نیشنل ای پی آئی پروگرام
حکومتِ پاکستان

یونیسیف

عالمی ادارہ صحت

فہرست فتویٰ جات

فتوی نمبر 1:	اسلامی کانفرنس کی تنظیم
فتوی نمبر 2:	امام مسجد اقصیٰ (بیت المقدس)
فتوی نمبر 3:	الاظہر الشریف کے امام اعظم ڈاکٹر تنتاوی
فتوی نمبر 4:	وزارتِ عدل، مصر
فتوی نمبر 5:	ملائیشیا چینی مسلم ایسوسی ایشن
فتوی نمبر 6:	اسلامی نظریاتی کونسل اور وفاق المدارس کے علماء
فتوی نمبر 7:	مہتمم دارالعلوم دیو بند
فتوی نمبر 8:	دارالعلوم قادریہ، ڈیرہ اسمٰعیل خان
فتوی نمبر 9:	دارالعلوم عربیہ مظہر العلوم۔ ڈاگی، صوبہ خیبر پختونخواہ
فتوی نمبر 10:	شمالی وزیرستان کے علماء
فتوی نمبر 11:	مہتمم الجامعۃ البنوریہ العالمیہ، کراچی (اردو انگریزی)
فتوی نمبر 12:	الجامعۃ الاسلامیہ، بلوچستان
فتوی نمبر 13:	ماہر ڈاکٹروں کی آراء اور علمائے کرام کا فتویٰ
فتوی نمبر 14:	الجامعۃ العربیہ، کراچی

فتوی نمبر 15:	دارالافتاء جامعہ اسلامیہ، عربیہ انوار العلوم
فتوی نمبر 16:	جامعہ دارالعلوم عبیدیہ رحمانیہ
فتوی نمبر 17:	مفتی، جامعہ خیر المدارس
فتوی نمبر 18:	جامعہ رحمانیہ اہلِ حدیث
فتوی نمبر 19:	مصباح العلوم الجعفریہ
فتوی نمبر 20:	دارالافتاء، جامعہ دارالعلوم، کراچی
سوال جواب	پولیو کے بارے میں عام طور پر پوچھے گئے سوالات اور اُن کے جوابات

فتویٰ جات

بسم الله الرحمن الرحيم

Organization of the Islamic Conference
International Islamic Fiqh Academy

Organisation de la Conference Islamique
Academie Internationale du Fiqh islamique

الحمد لله صلى الله على سيدنا ومولانا محمد وعلى آله وصحبه وسلم

جدة في : 1430/08/18، الموافق : 2009/08/09 الرقم : ٦٠٦/أ ف 2009/1

معالي البروفيسور أكمل الدين إحسان أوغلي حفظه الله تعالى ورعاه
الأمين العام لمنظمة المؤتمر الإسلامي

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته وبعد ،

بناء على الاستفسار الوارد إلى أمانة المجمع من الأمانة العامة للمنظمة بموجب مذكرتها رقم (OIC/ST-16(19)/2009/004060) بتاريخ 11 يوليو2009، بشأن التطعيم ضد شلل الأطفال ، أصدر المجمع بيانا بهذا الشأن ، أرفق لمعاليكم نصه .

وفقنا الله وإياكم لما يحبه ويرضاه ويجعل هذا العمل في ميزان حسناتنا، إنه سميع مجيب الدعوات .

وتفضلوا معاليكم بقبول فائق الاحترام وأجل التقدير .

أ . د . عبد السلام العبادي

امين مجمع الفقه الإسلامي الدولي

(م/س)

Cabinet - O I C -
Bureau D'ordre
Courrier Arrivee
Date . 11/08/09
No. . 3847
Sign.

ص ب 13719 جدة 21414 المملكة العربية السعودية هاتف 2575662/2575661/6900346/6900347 (9662 +) فاكس 2575661/6979329 (9662 +)
P.O. Box 13719 Jeddah 21414 Saudi Arabia Tel :(+ 9662) 2575662/2575661/6900346/6900347 Fax :(+ 9662) 2575661/6979329
info@fiqhacademy.org.sa www.fiqhacademy.org.sa



امام مسجد اقصٰی (بیت المقدس) کا پولیو کے متعلق بیان

التداوی فی الاسلام مشروع، والتطعیم من التداوی و ھوغیر ممنوع۔ وشل الاطفال مرضه خطیر، و یجب ان یکون منه حذر کبیر، و التطعیم ھو الوسیلة التی یحمی الله بھا الاطفال من ذٰلک الطریق۔ والتوکل علی الله رب العالمین۔

دکتور / محمد الشیخ،
امام الحرم القدسی

۲۵ شوال ۱۴۲۶ ھ
۲۷ نومبر ۲۰۰۵ م

علاج و معالجہ اسلامی شریعت سے ثابت ہے۔ پولیو کی ڈراپ بھی انہیں مشروع دواؤں میں سے ایک ہے، یعنی یہ شرعاً ممنوع نہیں ہے۔ پولیو ایک خطرناک اور موذی مرض ہے لوگوں کو اس کے تئیں بیدار رہنا چاہئے اور واجب ہے کہ اس سے بچا جائے۔ پولیو ڈراپ ایک ایسا طریقہ ہے جس کے ذریعہ سے اللہ پر یقین رکھتے ہوئے پولیو کا علاج کیا جاتا ہے۔ اور بھروسہ کرنے والی ذات اللہ رب العالمین کی ہی ہے۔

ڈاکٹر محمد شیخ الصیام، امام مسجد اقصٰی

فروغ صحت مہم کے تحت شعبہ حفظان صحت، جامعہ ہمدرد، نئی دہلی کے ذریعہ جاری

"You are all patronizers and are all responsible for your dependants. The father patronizes his family and is responsible for his dependants. The woman patronizes her husband's wealth and children and is responsible for her dependants and the servant patronizes his master's wealth and is responsible for his dependants. Are not all of you patronizers for your dependants. "

Among the dangers that might threaten the child's survival in his early years is the possibility of falling victim to one of the child killing diseases such as polio, measles, DPT, etc. or to severe dehydration resulting from diarrhoeal diseases. All these diseases would attach the child and severely handicap or cripple him, glooming his life and that of his parents.

The prophet elaborates on the issue of mercy and protection and how mercy is a part of protection and protection is a part of mercy. "Those who are not merciful, are denied mercy and those who are not forgivable are denied forgiveness and those who do not repent are denied repentance and those who do not protect themselves are denied protection." Hadith Sharif.

In this hadith, the Prophet emphasizes that mercy is a principal and states that whoever does not protect himself, God shall not protect him from disease and sickness. Though that issue is stated, nevertheless, the prophet had phrased it logically in the form of payer. He emphasized that whoever does not protect himself or protect others against and from all that could be of harm or could lead to danger or disease, God cannot protect him or them from it.

Islam strongly warns us from neglecting the protection and treatment of our children from these child-killing diseases or others for it dictates that its believer should be strong and healthy. It is mentioned: "the strong Moslem (believer) is better and closer to God than the weak one." Hadith Sharif.

The State provides immunization for children for free and all what parents need to do is to immunize their children against these fatal dangers. Polio immunization is considered a preventive measure required by Islam and it should not to be taken lightly.

We, as parents, should not neglect our children's rights and to provide them with the best available treatments as recommended by physicians and scientists, thus abiding by God's words: "Always ask those who have the knowledge."
Children immunization against infectious disease like polio is performed in all countries worldwide in order to guarantee that our children have a better future free from diseases and disabilities.

It is therefore the responsibility of all Muslim parents to make sure that their children complete all mass immunization dosages whether routine immunization or through immunization campaigns. Furthermore, full and complete cooperation with all campaign workers is required since they are trying to reach each and every child in order to immunize all children against this virus, which is in accordance with the Hadith Sharif: "God had ordered us to be accurate in doing everything."

The State, research centers, and the World Health Organization have all approved of polio vaccines and confirmed their efficiency and quality.

Finally, it is our utmost duty as Muslims to reaffirm that Islam supports children's rights. It is our task as Muslims to become role models aware of our duties as well as our rights while abiding by God's words " You are the best of the nations raised up for (the benefit of) men."

God bless us all.

Grand Imam of El Azhar Al Sharif
Dr. Mohamed Sayed Tantawi

Grand Imam of El Azhar Al Sharif - Dr. Mohamed Sayed Tantawi

Statement on Islam and on Parents' responsibilities towards their children and immunizing them against diseases such as Polio

There is a number of general rules and guiding principles, in which Islam dictates how child survival and development is imperative and that any negligence or slackening in the execution of this principle is a great vice. These principles are exemplified in the following
"Nor kill (or destroy) yourselves." Surat IV (Nisaa) Verse 29

"If anyone slew a person unless it be for murder or for spreading mischief on earth- it would be as if he slew the whole people and if anyone saved a life, it would be as if he saved the life of the whole people." Surat V (Maida) Verse 35.
"Kill not your children." Surat VI (Anaam) Verse 140

"And make not your own hands contribute to (your) destruction." Surat II (Baqara) Verse 195.
And in the Hadith Sharif "There is no bigger sin than neglecting your dependence."

Islam regards man as Gods' vicegerent on earth. It is mentioned in the Koran: " I will create a vicegerent on earth." Surat II (Baqara) Verse 30. And everything that exposes this vicegerence to opprobrium or disgrace , or weakens man's strength is prohibited by Islamic Sharia. This is to preserve man's revered and powerful position as God's vicegerent on earth.

Islam's consideration for child survival and protection is in itself an empowerment of the Moslem Community whether physically or spiritually, as it entails strong and healthy bodies. Healthy bodies in Islam will not only result in sound intellectual functioning but also in the prevalence of optimism and hopefulness in dealing with life and with people.

It is for these reasons that Islam includes all the necessary preventive measures to preserve the life of the Muslims and guide them in a systematic and organized way throughout their life.
In Hadith by Al Tormozie, it is mentioned that the prophet would ask God for nothing more appealing than sound health.

It is therefore evident that Islam emphasizes protection during lifetime involving the protection from diseases and epidemics and all that can affect man due to negligence and lack of concern. It is mentioned in the Koran "And make not your own hands contribute to (your) destruction." Surat II (Baqara) Verse 195.

In the previous verse, God prohibits a man from personally contributing to his own self destruction, though actions that he might perform according to his own will. Through hurting oneself or self destruction may seem in contradiction with the mind's logical thinking, nevertheless it is very likely to happen through man's negligence or lack of concern as regards taking the necessary preventive measures to preserve his own life.

Islam, therefore, dictates people to seek the necessary preventive measures and to seek treatment for all diseases. The prophet mentioned: "God did make a cure for every disease." Hadith Sharif.

The Sharia had ordained parents as responsible for their child survival and development, on the basis that the child is considered a bestowable consignment, which ought to be cherished by parents as they will account for it to God.

The child in the early years of his life is unaware as to the real dangers that might threaten him, in addition to that he is unable to cater for and protect his life, and it is for this reason that God made parents responsible for the protection of their children from diseases and from the dangers that might threaten their survival and development. It is mentioned that:

بسم الله الرحمن الرحيم

وزارة العدل

دار الإفتاء المصرية

﴿ فَسْئَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِن كُنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ﴾

﴿ الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده سيدنا رسول الله وعلى آله وصحبه ومن تبعه بإحسان إلى يوم الدين ﴾

اطلعنا على الطلب المقدم من / المهندس سالم مشهور والمقيد برقم ١٢١٥ لسنة ٢٠٠٣ والمتضمن : أن هناك حملة في أفريقيا للتطعيم ضد شلل الأطفال وسأل عن حكم ذلك التطعيم ضد شلل الأطفال وعما إذا كان هناك ما يعوق ذلك من الناحية الإسلامية .

الجواب

التطعيم ضد شلل الأطفال نوع من العلاج الوقائي وهو مطلوب شرعاً ، وحث عليه أحكام الشريعة الإسلامية.. ويجب على المسلمين أن يتعاونوا في سبيل تطعيم أطفالهم وحمايتهم من الأمراض التي تفتك بهم عند عدمه .

والله سبحانه وتعالى أعلم

محمد عبد العليم

مفتي الديار المصرية

أ . د / علي جمعة

٢ / ١٠ / ٢٠٠٣م

馬來西亞華人·穆斯林協會

PERSATUAN CHINA MUSLIM MALAYSIA.
MACMA – Malaysian Chinese Muslim Association.
President MACMA: Dato Haji Mustapha Ma.

8 Jalan Ledang, 50480
KUALA LUMPUR, Malaysia.

Tel: (603) 2095-1896, 2094-1190.
FAX: (603) 2095-1897, 2094-3233
e-MAIL: pcmadam@po.jaring.my,
macmanet@tm.net.my,

BISMILLAHIRAHMANIRAHIM. ASSALAMUALAIKUM WMT. WBT.

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

OFFICIAL TRANSLATION

The Ministry of Justice
The Egyptian House of Fatwa

"So ask those who have knowledge and fearful of Allah If you know not"

Alhamdulillah all Praise be to The Only One, and prayers and blessings be upon the final prophet Sayyidina Rasulillah and his family and companions and those who have followed his path in the best manner till the day of judgement.

We have examined the request forwarded by Engineer Salim Mashhur, with reference no: 1255 for year 2003 whose content says: That there is an effort in Africa to immunize against polio in children and he has asked regarding the ruling (hukm) of such an immunization against polio in children, as well as on whether there is any objection in that from the Islamic viewpoint.

The Answer:

Immunization against polio in children is a form of preventive treatment which is necessary from the viewpoint of the Shari'ah; in fact is much desired according to the ruling of the Islamic Shari'ah. Thus it is compulsory (wajib) for the Muslims to cooperate for the sake of the immunization of their children and in so doing protecting their children against diseases that may infect them in the absence of such immunization.

And Allah Subhanahu wa Ta'ala Knows Best

Muhammad Abdul Alim

The Mufti of the Land of Egypt,

-Signed-

Dr Ali Jumuah

Dated: 2-10-2003

Translated by: Ir Dr Muhamad Fuad Abdullah on 30-11-2003

(DATO' HAJI MUSTAPHA MA)
President MACMA

"پولیو" کے قطرات کے بارے میں علماءِ کرام کی رائے

بتاریخ: 7 جنوری 2012ء، اسلام آباد

"پولیو" ایک خطرناک اور مُہلک مرض ہے جس کا شکار ہونے کے بعد انسان ہمیشہ کیلئے معذور ہو جاتا ہے، اس موذی مرض سے حفاظت کیلئے 5 سال کی عمر تک کے ہر بچے کو "پولیو" کے قطرے پلانا ضروری ہے سنّت نبوؐی کے مطابق احتیاط اور پرہیز علاج سے زیادہ ضروری ہے اس لیے انسانیت کا درد رکھنے والے ہر فرد کی شرعی اور اخلاقی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے حلقہ اثر میں تمام بچوں کو "پولیو" کے قطرے پلانے کی مہم میں بھرپور تعاون کرے تا کہ دیگر مُسلم ممالک کی طرح ہمارا پیارا وطن پاکستان بھی "پولیو" فری سٹیٹ بن سکے۔ پاکستان کے بعض علاقوں میں "پولیو ویکسین" کے قطروں کے بارے میں یہ تاثر ہے کہ ان کے استعمال سے انسان میں تولّد وتناسُل کی صلاحیت ختم ہو جاتی ہے، ہم نے دیندار اور خُدا ترس ماہر ڈاکٹروں سے معلوم کیا کہ کیا یہ خدشہ درست ہے؟ انہوں نے کامل یقین کے ساتھ جواب دیا کہ یہ تاثر درست نہیں ہے۔

ہم تمام اہل وطن سے تعاون کی بھرپور اپیل کرتے ہوئے علماء، خطباء اور آئمہ سے خصوصی درخواست کرتے ہیں کہ وہ اس مرض کی شدت وہلاکت آفرینی اور اس سے حفاظت کے طریقے سے عوام کو آگاہ کریں۔ ہماری رائے میں بچوں کو "پولیو ویکسین" کے قطرے پلانے مفید ہیں۔

مولانا محمد حنیف جالندھری
ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان

مفتی محمد ابراہیم قادری
رُکن اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان

مولانا مفتی اقبال حسین شاہ فیضی
سرپرست جامعہ فیض العلوم، سکھر

علامہ سید افتخار حسین نقوی نجفی
پرنسپل جامعہ امام خمینی، میانوالی

مولانا صاحبزادہ پیر خالد خان سلطان القادری
چیف آرگنائزر جماعت اہل سنت پاکستان

علامہ زبیر احمد ظہیر
نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان

سید فیروز جمال شاہ کاکاخیل
سرپرست اعلیٰ قوم کاکاخیل ومعتقدین حضرت کاکا

Ph.: (01336) 222429 Fax: 222768

بسم اللہ الرحمن الرحیم

E-mail: mohtamim@darululoom-deoband.com

دارالعلوم دیوبند

Darul-Uloom, Deoband. U. P. India

حوالہ 1497

التاریخ: 22.1.09

اپیل

ہم سب ہندوستانی اپنے ملک کے بچوں کو تندرست دیکھنے کی خواہش رکھتے ہیں، اپنے بچوں کو پولیو جیسی خطرناک بیماری جس میں بچے ہمیشہ کیلئے اپاہج ہو جاتے ہیں سے بچانے کیلئے بچوں کو پولیو کی خوراکیں دی جانی ضروری ہیں۔

میری اپیل پر آپ نے اپنے بچوں کو پولیو کی خوراکیں پلا کر اس بیماری کا صفایا کرنے میں بڑی مدد کی ہے لیکن پھر بھی معاشرے کے کچھ لوگ بغیر جانکاری، افواہوں اور غلط فہمی کی وجہ سے اپنے بچوں کو اس دوا سے محروم رکھ رہے ہیں جو بڑے افسوس کی بات ہے جب کہ پولیو کی یہ دوا پوری طرح محفوظ ہے اور اس سے کوئی بھی نقصان نہیں ہوتا۔

میں اپیل کرتا ہوں کہ پلس پولیو مہم میں محکمۂ صحت کے ذریعے پولیو بیماری کے صفایا کیلئے پیدائش سے پانچ سال تک کے سبھی بچوں کو پولیو کی مفت خوراکیں ضرور پلوائیں جس سے پولیو بیماری کا صفایا ہمیشہ کیلئے کیا جا سکے۔

مرغوب الرحمن

مہتمم

Mohtamim

Darul Uloom Deoband U.P.

DARUL--ULOOM INDIA DEOBAND (U.P.)

یا رب العلمین　　　　بسم اللہ الرحمن الرحیم　　　　یا رحمۃ للعلمین

دارالعلوم قادریہ (رجسٹرڈ)

عقب گورنمنٹ ہائی اسکول شورکوٹ تحصیل و ضلع ڈیرہ اسماعیل خان

حوالہ نمبر ______　　　　تاریخ ______

DARUL ULOOM QADRIA (Regd.)

BEHIND. GOVT. HIGH SCHOOL. SHORKOT TEHSIL/ZILA DERA ISMAIL KHAN

باسمہ تعالیٰ

برادران اسلام! حکومت پاکستان نے بچوں کو سات مختلف قسم کی بیماریوں سے بچانے کیلئے حفاظتی ٹیکوں کا جو وسیع پروگرام پورے ملک میں شروع کیا ہوا ہے اسکے مضر اثرات کا فقیر کے نزدیک کوئی شرعی ثبوت نہیں ہے اور مسلمان پر خواہ مخواہ کیلئے بدگمانی کرنا حرام وممنوع ہے بلکہ قرآن کریم میں تفتیش کا حکم دیا گیا ہے اور بدگمانی کو بے فائدہ قرار دیا ہے جبکہ حدیث پاک میں بدگمانی کو اکذب الحدیث قرار دیا گیا ہے لہٰذا ہر مسلمان کو چاہیے کہ وہ اس سلسلہ میں دوسرے جتنے مسلمانوں کو نفع پہنچا سکتے ہیں پہنچائیں چنانچہ حدیث پاک میں ہے من استطاع منکم ان ینفع اخاہ فلیفعل۔ خلاصہ یہ کہ ہمیں پولیو کے کارندوں کے ساتھ حسب توفیق معاونت کرنی چاہیے تاکہ تعاون علی البر ہو جو کہ قرآن کریم میں مامور بہ ہے۔ فقط والسلام

منجانب

محمد سرفراز قادری غفرلہ

مورخہ 27 اکتوبر سنہ 2007ء

فالحکم للہ العلی الکبیر (الآیۃ)

دار العلوم عربیہ مظہر العلوم

دار العلوم عربیہ مظہر العلوم۔ ڈاگی

مورخہ ۷ مئی ۲۰۰۸ء

بمطابق ۲۸ [illegible] ھ

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی

اما بعد بندہ کے قیام کے دوران دار العلوم مظہر العلوم ڈاگی ضلع صوابی متعدد حضرات ڈاکٹران صاحبان حاضر ہوگئے۔ انہوں نے پولیو کے قطروں کے متعلق متعدد فتوے پیش کئے۔ جنہوں نے فتویٰ دیا تھا کہ ڈاکٹروں کے حوالے کے متعلق پولیو قطروں میں کوئی ممنوعہ شرعی چیز نہیں بنا بریں فتویٰ دیا ہے کہ اس کے استعمال کرنے کی کوئی قباحت نہیں لہذا بندہ کا بھی فتویٰ یہی ہے کہ پولیو قطروں کے استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں بلکہ خدمت خلق اور حفظان صحت کا لحاظ ہے۔ جہاں ڈاکٹر حضرات دیکھا ہے ثابت ہو کہ اس میں ممنوعہ چیز ہے۔ تو پھر شریعت کا حکم دوسرا ہوگا۔ فقط واللہ اعلم

[illegible]

ڈاگی یار حسین روڈ، ڈاگی تحصیل، ضلع صوابی، صوبہ سرحد۔ فون: 0938-311940

بسم اللہ الرحمن الرحیم

"پولیو ویکسین کے حق میں شمالی وزیرستان کے جید علمائے کرام کے آراء"

ہم شمالی وزیرستان کے علمائے کرام ماہر ڈاکٹروں کے پیشہ ورانہ مہارت اور طبی علمی دیانت اور پاکستان کے جید علمائے کرام کے آراء کی بنیاد پر شمالی وزیرستان کے عام والدین کو یہ مشورہ دیتے ہیں کہ وہ اپنے بچوں کو مستقل معذوری کے امکانات کی حامل پولیو کی خطرناک بیماری سے محفوظ رکھنے کیلئے اپنے بچوں کو "پولیو ویکسین" کے قطرے ضرور پلوائیں۔ اور اس سلسلے میں کسی بھی قسم کے منفی پروپیگنڈے سے متأثر نہ ہوں۔

مولوی سعید جان بقلم خود
مولانا سعید خان
خطیب جامع مسجد قاضی فیض اللہ، سرائے میرانشاہ

احقر مصباح الدین
ناظم دار الافتاء دار العلوم عبیدی

حافظ قاری نور اللہ شاہ سیدی
مہتمم دار العلوم اثریہ چشمہ میران شاہ

صدر جمعیت علمائے اسلام شمالی وزیرستان ایجنسی

مولوی قاری محمد رمضان بقلم خود
خطیب مرکزی جامع مسجد قاری صاحب میرانشاہ

ابو رضوان محمد عالم

ILAF HAJJ & UMRA SERVICES PVT. LTD.
MIR ALI - PAKISTAN
LIC. NO. 1190

الجامعة البنورية العالمية

BINORIA UNIVERSITY INTERNATIONAL

Ref. ____________ Date: 18-12-2011

تصدیق نامہ برائے پولیومہم

ہم تمام پاکستانی اپنے ملک کے بچوں کو تندرست دیکھنے کی خواہش رکھتے ہیں، اپنے بچوں کو پولیو جیسی خطرناک بیماری جس میں بچے ہمیشہ کیلئے اپاہج ہوجاتے ہیں۔ اس مہلک بیماری سے بچانے کے لئے ''ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن، یونیسیف اور محکمہ صحت حکومت پاکستان'' کے باہمی اشتراک سے ہونے والی ہر پولیومہم کے دوران بچوں کو پولیو کے دوقطرے پلوانے انتہائی ضروری ہیں۔

لیکن پھر بھی ہمارے معاشرے کے کچھ لوگ بغیر جانکاری، افواہوں اور غلط فہمی کی وجہ سے اپنے بچوں کو اس دوائی کے پلوانے سے محروم رکھ رہے ہیں، جو بڑے افسوس کی بات ہے، یہی وجہ ہے کہ آج ہمارے ملک پاکستان میں 175 سے زائد پولیو سے متاثرہ بچے موجود ہیں، جو کہ انتہائی غم وافسوس کی بات ہے، جبکہ مختلف قابل اعتماد طبی اداروں، ڈاکٹروں اور جید اکابر علماء کی تحقیق سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ پولیو کی یہ دوائی پوری طرح سے محفوظ ہے اور اس کے پلوانے سے بچوں کو کسی بھی قسم کا کوئی نقصان نہیں ہوتا۔

لہٰذا میں پورے پاکستان کی عوام سے پرزور اپیل کرتا ہوں کہ وہ پولیومہم کے دوران اس بیماری کے خاتمے کے لئے اپنے پیدائش سے لیکر پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو کے دوقطرے ضرور پلوائیں تا کہ پولیو کی اس مہلک بیماری کا ہمارے ملک سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے خاتمہ کیا جاسکے۔

مفتی محمد نعیم

(مہتمم) الجامعة البنورية العالمية

سائٹ کراچی

Post Box No: 10698, Near S.I.T.E, Police Station, Karachi - Pakistan
Ph: 32560300, 32560400 Fax: +92-21-32564586 E-mail: info@binoria.org, Web Page: http://www.binoria.org

الجامعة البنورية العالمية

BINORIA UNIVERSITY INTERNATIONAL

Ref. ____________

Date: 18/12/2011

Authority Letter for Polio Campaign

We all as Pakistanis, pledge to see all our children healthy from disease like polio which can make our all children of Pakistan crippled for life. It is highly important to vaccinate (all children) with two drops of polio vaccine in every Polio campaign, to save our children from this contagious disease Polio in collaboration with WHO, UNICEF and Department of Health, Government of Pakistan.

Inspite of all collective efforts, some people of our society due to their lack of knowledge, disbelief and rumors cause mis-conception and refusing to vaccinate their children from Polio vaccination. The result of such negative propaganda today is that our country Pakistan has more than 175 Polio infected children, which is highly regrettable, whereas various trusted Health organizations, doctors and notable religious Islamic scholars have authentic proofs that Polio vaccine is totally safe and free from any adverse effects.

Therefore I, appeal to all Pakistani people to cooperate with Polio teams in every Polio campaigns to eradicate this highly contagious disease and vaccinate every child from birth to 5 years, two drops of Polio vaccine to eradicate Polio disease from our country to make Pakistan Polio free state forever.

Regards

Mufti Muhammad Naeem
Haed of Jamia Binoria International
S.I.T.E, Karachi
Pakistan.

Post Box No: 10698, Near S.I.T.E, Police Station, Karachi - Pakistan
Ph: 32560300, 32560400 Fax: +92-21-32564586 E-mail: info@binoria.org, Web Page: http://www.binoria.org

0826 - 614820 :چمن جامعہ فون
0826 - 614821 :چمن جامعہ فیکس
0826 - 613005 :چمن رہائش فون

بسم اللہ الرحمن الرحیم

AL JAMIA -TUL- ISLAMIA
ALLAMA ABDUL GHANI TOWN, BAY PASS ROAD, CHAMAN BALOCHISAN (Pak)

الجامعة الاسلامية
علامہ عبدالغنی ٹاؤن بائی پاس روڈ چمن بلوچستان (پاکستان)

التاریخ 18/8/2011 حوالہ نمبر

محترم مسلمان بھائیو

پولیو فالج کی بیماری کے خلاف حکومت پاکستان نے پورے ملک میں جو مہم شروع کر رکھی ہے ضلع قلعہ عبداللہ چمن کے علمائے کرام اس مہم کی مکمل تائید و حمایت کرتے ہیں کیونکہ ضلع قلعہ عبداللہ چمن میں فالج پولیو کی بیماری وبائی شکل اختیار کر چکی ہے اور متعدد بچے پچھلے سال اس مہلک بیماری کی وجہ سے معذور ہو چکے ہیں لہٰذا پولیو جیسے مہلک بیماری کے خلاف جہاد میں ہر شخص کو کردار ادا کرنا چاہئے تاکہ ہمارے ملک سے پولیو کی بیماری کا خاتمہ ہو جیسا کہ سعودی عرب و دیگر ممالک میں خاتمہ ہو چکا ہے

نیز مرض سے دفع اچھا ہے، بعض لوگوں کی جانب سے جو شبہات ہوتے ہیں، قابل اہمیت اس وجہ سے نہیں ہے۔ کہ گوشت کے متعلق جیسا اور روایات وغیرہ ایسی روایات غیر معتبر ہیں۔

عبدالغنی عفا اللہ عنہ

پولیوویکسین

ماہرڈاکٹروں کی آراءاور علمائے کرام کافتویٰ

ہم پیشہ طب سے وابستہ ذمہ دار متخصص اطباء یہ قرار دیتے ہیں۔ کہ پولیو ویکسین بچوں کو فالج کے ممکنہ اثرات سے اور مستقل معذوری سے محفوظ رکھتی ہے۔ اور ملکی اور بین الاقوامی سطح پر یہ بات عملاً ثابت ہو چکی ہے کہ ان میں کوئی مہلک اور مضرِ صحت اجزا نہیں ہے۔ اور نہ ہی اس کے استعمال سے مابعد کوئی منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ یہ بات ہم اپنی پیشہ ورانہ مہارت اور عملی تجربہ اور اللہ کے حضور جوابدہی کے تصور کو پیش نظر رکھ کر بیان کر رہے ہیں۔

ہم تمام علماء ان اطباء کی پیشہ ورانہ مہارت۔ علمی دیانت اور خدا ترسی سے مطمئن ہیں اور ان کی تصدیق و توثیق کی رپورٹ پر اعتماد کرتے ہوئے تمام مسلمانوں کو مشورہ دیتے ہیں کہ وہ اپنے بچوں کو مستقل معذوری کے امکانات کی حامل اس خطرناک بیماری سے محفوظ رکھنے کے لئے اپنے بچوں کو پولیو کے ویکسین کے قطرات پلوا سکتے ہیں اور اس سلسلے میں کسی بھی قسم کے منفی پروپیگنڈے سے متاثر نہ ہوں۔

PROF. FAZAL AHMAD
PRINCIPAL / DEAN
KHYBER MEDICAL COLLEGE
PESHAWAR.

Prof. Sajjad Ahmad
Head of Pathology Deptt. PMC

2/9/2006
Dr Zahoorullah
Director PMRC

Afridi
2/9/06
CHO - CEO NWFP

Principal / Dean
Peshawar Medical College

مفتی غلام الرحمٰن جامعہ عثمانیہ پشاور

سید نصیب علی شاہ الہاشمی ممبر قومی اسمبلی
مہتمم جامعہ المرکز الاسلامی بنوں

محمد عبدالحلیم استاذ جامعہ دارالعلوم کراچی

محمد شریف عثمانی

دارالحسن لقمانی
مدرس جامعہ عثمانیہ پشاور

Prof. A. Hameed
Chairman KTH
Deptt of Psych

حافظ حسن مدنی
جامعہ لاہور الاسلامیہ (لاہور)

مفتی جامعہ المرکز الاسلامی بنوں

(مفتی منیب الرحمٰن) دارالعلوم نعیمیہ کراچی۔ صدر تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان، چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان

عطاءالرحمٰن
ڈاکٹر عطاءالرحمٰن خطیب جامع مسجد مولانا عبدالعزیز جامعہ دارالرشد وحدت کالونی کوئٹہ

قاری روح اللہ مدنی ۔ مدیر دارالقرآن الکریم حیدر روڈ پشاور
وخطیب اعلیٰ صوبہ سرحد۔

عتیق الظفر بین الاقوامی یونیورسٹی اسلام آباد۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(MAULANA) MUFTI MOHAMMAD ZAR VALI KHAN
FOUNDER & CHANCELLOR ALJAMIA-TUL-ARABIA
AHASAN-UL-ULOOM & KHADIM-UL-HADITH WAL IFTA
GULSHAN-E-IQBAL BLOCK 2 KARACHI PAKISTAN

TEL : 46 82 10

(مولانا) مفتی محمد زرولی خان عفا اللہ تعالیٰ عنہ
مؤسس ورئیس الجامعۃ العربیۃ احسن العلوم
وخادم الحدیث والافتاء والخطیب بالمسجد الجامع الاحسن
منطقۃ گلشن اقبال، رقم ۲، کراتشی پاکستان
الہاتف: ۴۶۸۲۱۰

DATE ٢٠٠٧/٤/١٥

REF

تاریخ ٢٦/ربیع الاول/١٤٢٨ھ

حوالہ

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم اما بعد قال اللہ تبارک وتعالیٰ واذا مرضت فھو یشفین (القرآن) وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ماجعل اللہ داءً الا جعل لہ دواءً وفی روایۃ شفاءً (الطب النبوی للذھبی)

بچوں کو سات مختلف بیماریوں سے بچاؤ کے لئے حکومت پاکستان نے حفاظتی ٹیکوں (Vaccination) کا جو پروگرام ملک بھر میں شروع کر رکھا ہے اس کے خاطر خواہ نتائج حاصل ہو رہے ہیں۔ مختلف رپورٹس کے مطابق بچوں میں ٹی۔بی اور پولیو کی تعداد میں واضح کمی ہوئی ہے۔

حال ہی میں بچوں میں یرقان کی ایک خاص قسم سے بچاؤ کے لئے (vaccination) پروگرام میں اضافہ قابل تحسین ہے۔ پروگرام میں شامل کی گئی امراض سے بچنے کے لئے حفاظتی ٹیکوں کے علاوہ اور کوئی مستند طریق علاج نہیں ہے۔ لہٰذا ان موذی امراض سے بچنے کے لئے حفاظتی ٹیکوں کے ذریعے جدوجہد کرنا اسلامی تعلیمات کے عین مطابق ہے۔

ہم عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ معاشرے کو سات مختلف امراض سے بچانے کے لئے vaccination پروگرام سے تعاون کر کے اپنے ملک کو ان بیماریوں سے محفوظ رکھنے کی ذمہ داری ادا کریں

مسلمانوں کے بچوں کی صحت پر [illegible]
کے لئے گنہگار [illegible]
[illegible]
خادم جامعہ عربیہ احسن العلوم
خادم الحدیث [illegible] گلشن

یا اللہ جل جلالہ — یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
فون نمبر: 518429-550699
دارالافتاء جامعہ اسلامیہ عربیہ انوار العلوم ملتان
سنہ ۱۴ھ مطابق ۲۰ء

الجواب

صورۃ مسئولہ کے مطابق، محکمہ صحت کی طرف سے بچوں کو پولیو کے جو قطرے پلائے جاتے ہیں، دیندار طبی ماہرین کی تحقیق کے مطابق ان میں نہ تو کوئی مہلک اور مضر صحت اجزاء شامل ہیں اور نہ ہی کوئی حرام جزء ان میں پایا جاتا ہے۔ جو لوگ بلا تحقیق اور کسی ثبوت کے بغیر ان قطرات کے متعلق شکوک و شبہات پیدا کر رہے ہیں وہ ملک اور قوم کے خیر خواہ نہیں ہوسکتے۔ کیونکہ معصوم بچے جو کسی بھی قوم کا گرانقدر سرمایہ ہوتے ہیں اور جن سے ملک اور قوم کا تابناک مستقبل وابستہ ہوتا ہے انکی صحت کا خیال رکھنا اور ان معصوم پھولوں کی ذہنی نشو ونما کی آبیاری کرنا ہر شہری کی مذہبی، اخلاقی اور معاشرتی ذمہ داری ہے اور ایک صحت مند شخص ہی صحت مند ذہن کا مالک ہوسکتا ہے۔

لہٰذا ہر پاکستانی پر فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ محکمہ صحت کی اس مہم کو کامیاب بنانے میں محکمے کے تمام کارکنوں سے بھرپور اور مخلصانہ تعاون کرے۔ بلاشبہ یہ ایک نیکی کا کام ہے اور اللہ تعالیٰ کا قرآن مجید میں حکم ہے کہ وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى۔

واللہ اعلم بالصواب

23-2-07

مفتی غلام مصطفیٰ رضوی
ایم۔اے
اسلامیات، عربی، فقہ و قانون

دارالافتاء
۱۳۶۳ھ
۱۹۴۴ء
جامعہ اسلامیہ انوار العلوم ملتان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خوشا مسجد و منبر و خانقاہے — دار الافتاء — کہ در وے بود قیل و قال محمد

جامعہ دار العلوم عبیدیہ خلنیہ قدیر آباد ملتان شریف

فون: 0304-6111939

تاریخ: ____________

حوالہ نمبر: ____________

بسم اللہ الرحمن الرحیم — لکل داء دواء (الحدیث)

اسلام مکمل ضابطۂ حیات ہے۔ جو ہر قدم پر ہماری رہنمائی کرتا ہے۔

بچوں کیلئے احتیاطی علاج قرآن و سنت کے تناظر میں درست ہے۔

پولیو ویکسین ایک احتیاطی علاج ہے۔ جو شرعی اور طبی حوالے سے نہایت ضروری ہے۔ اس لئے پانچ سال کی عمر تک کے تمام بچوں کو پولیو کے دو قطرے ہر مہم میں ضرور پلوائیں۔ تاکہ بچے صحت و تندرستی سے نشوونما پاسکیں۔

والسلام

[signature]

① مولانا سید علی نقی نقوی صاحب۔

② مولانا مفتی عبد القوی صاحب۔

محترم جناب -- السلام علیکم

عنوان : فتویٰ درکار برائے پولیو ویکسین

ہم پیشۂ طب سے وابستہ ذمہ دار اطباء قرار دیتے ہیں کہ پولیو ویکسین بچوں کو فالج کے ممکنہ اثرات سے اور مستقل معذوری سے محفوظ رکھتی ہے۔ ملکی اور بین الاقوامی سطح پر یہ بات عملاً ثابت ہو چکی ہے کہ ان میں کوئی مہلک اور مضر صحت اجزاء نہیں ہیں۔ اور نہ ہی اس کے استعمال سے مابعد کوئی منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ یہ بات ہم اپنی پیشہ وارانہ مہارت و عملی تجربہ اور اللہ کے حضور جواب دہی کے تصور کو پیش نظر رکھ کر بیان کر رہے ہیں۔

1/108

اس سلسلہ میں عوام الناس میں پائے جانے والے شکوک وشبہات کو رفع کرنے کیلئے فتویٰ جاری فرما کر مشکور فرمائیں۔

~~18 FEB 2007~~ 19 FEB 2007

دار الافتاء جامعہ خیر المدارس ملتان پاکستان — فتویٰ نمبر 108

ڈاکٹر امتیاز الٰہی پراچہ	ڈاکٹر جاوید حسن عجمی
ڈسٹرکٹ آفیسر ہیلتھ ملتان	ایگزیکٹیو ڈسٹرکٹ آفیسر ہیلتھ ملتان

الجواب

ڈاکٹر امتیاز الٰہی پراچہ صاحب، ڈاکٹر جاوید حسن صاحب دار الافتاء جامعہ خیر المدارس ملتان تشریف لائے اور پولیو ویکسین کے بارے میں شرعی نقطۂ نظر سے رائے طلب کی۔ احقر (مفتی محمد عبد اللہ مفتی جامعہ خیر المدارس ملتان) نے عرض کیا یہ مسئلہ شعبۂ طب سے متعلق ہے۔ اس لیے کوئی دیندار ماہر طبیب یا پروفیسر تسلی دے پھر اس کا حکم لکھا جائیگا۔ چنانچہ جناب ڈاکٹر نور احمد نور سابق پروفیسر آف میڈیسن نشتر کالج ملتان کا نام گرامی تجویز ہوا۔
جناب ڈاکٹر موصوف نے واضح الفاظ میں فرمایا کہ یہ ایک محلک

مرض سے بچاؤ کیلئے ایک مفید دوائی جس میں کسی قسم کے مضر

صحت یا خلاف شرع اجزاء شامل نہیں ۔۔۔ ڈاکٹر پروفیسر موصوف زید مجدہم

کا شعبہ طب میں ایک نام ہے ۔ وہ ماشاء اللہ دیندار بھی ہیں

اس لیے ان کی رائے گرامی کے مطابق فتوی صادر کیا جاتا ہے ۔ کہ

پولیو ویکسن کے قطرات شرعی نقطۂ نظر سے بالکل صحیح ہے

اس سلسلہ میں پائے جانے والے خدشات اور وساوس

پر ہرگز کان نہ لگائیں ۔۔۔ فقط واللہ اعلم

بندہ محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ ۔

۱/۲/۱۴۲۸ھ

مفتی
جامعہ خیر المدارس ملتان

دار الافتاء
جامعہ خیر المدارس ملتان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
JAMIA RAHMANIA
AHL-E-HADITH
CHUNGI NO.14 MULTAN PAKISTAN
جامعہ رحمانیہ اہلحدیث
چونگی نمبر ۱۴ • ملتان • پاکستان
تاریخ 21-2-07 ☎ 061-4000315 حوالہ نمبر 2021

سوال: محترم ڈاکٹر امتیاز الٰہی سراج صاحب اور ڈاکٹر جاوید حسن صاحب کی طرف سے محترم ڈاکٹر محمد اسحاق صاحب زونل سپروائزر تا حجہ بزرگ برائے فتویٰ حاضر ہوئے۔ کہ پولیو ویکسین کے بارہ میں علماء دین عوام الناس کی رہنمائی فرمائیں۔ کیونکہ بعض لوگوں کے ہاں خیال کیا جاتا ہے کہ اس میں حرام کی آمیزش ہے اور بعض کے خیال میں یہ مستقبل میں منفی اثرات رکھتی ہیں جبکہ پیشہ طب سے وابستہ ذمہ دار اطباء کا کہنا ہے کہ پولیو ویکسین بچوں کو فالج کے مہلک اثرات سے اور مستقل معذوری سے محفوظ رکھتی ہے۔ اور بین الاقوامی سطح پر یہ بات عملاً ثابت ہو چکی ہے کہ ان میں کوئی مہلک اور مضر صحت اجزاء نہیں ہیں اور نہ ہی اس کے استعمال سے مابعد کوئی منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اور ذمہ دار اطباء اس بات کے اللہ تعالیٰ کے ہاں مسئول ہیں۔ وضاحت فرمائیں۔ السائل: ڈاکٹر محمد اسحاق زونل سپروائزر

الجواب بعون الوہاب: مذکورہ مسئولہ مسئلہ خالصتاً طبی مسئلہ ہے۔ اور اطباء ہی اسکے جوابدہ ہیں، دنیا و آخرت میں اور اگر ان کا کہنا ہے کہ ہمارے ہاں اس میں کسی قسم کی حرام کی آمیزش نہیں ہے تو ہمیں ان کی بات پر یقین کرنا ہوگا۔ میں نے تصدیق کیلئے ڈاکٹر اسحاق صاحب کے علاوہ بھی ڈاکٹر حفیظ اللہ خان خالد سے بھی تصدیق کی اور یہ دونوں اہلحدیث ڈاکٹر ہیں۔ بلکہ ڈاکٹر صاحبان کا کہنا ہے کہ ان کا تعلق خون سے نہیں ہے بلکہ انتڑیوں سے ہے اور خوراک کی طرح اپنے اثرات مرتب کرتی ہے۔ اور اگر سفر در پیش ہو تو فوری اثر ہونا چاہیے جو کہ ثابت ہے اور سعودی علماء کا بھی فتویٰ ہے اور وہاں بھی پلائے جاتے ہیں۔ لہذا بچوں کی منفعت کی خاطر پولیو کے قطرات ضرور بچوں کو پلانے چاہیے۔ واللہ اعلم۔ حافظ محمد [illegible]

شیخ الحدیث جامعہ ھذا

Madrasa Arabia

MISBAH-UL-ULOOM-IL-JAFFARIA

مدرسہ عربیہ

مصباح العلوم الجعفریہ

MOHALLAH HUSSIAN ABAD,
(SOOTRI WATT) MULTAN.

Ph:570851

محلہ حسین آباد (سوتری وٹ) ملتان شہر

Ref No. ۱ / ۶ صفر ۱۴۲۸ھ
۲۴ فروری ۲۰۰۷ء
۱۲ پھاگن ۲۰۶۳ ب

Dated 24-2-07.

پولیو کے قطرے جو محکمہ صحت کی جانب سے بچوں کو مہلک امراض سے بچانے کیلئے
پلائے جاتے ہیں انکی حلت کے بارے میں سوال کیا گیا ہے۔

جواباً عرض ہے کہ

فقہ جعفریہ کا مسلمہ اصول ہے: کل شئی طاهر: ہر شئے پاک ہے جبتک اسکی نجاست پر کوئی دلیل قائم نہ ہو
اسی طرح ہر شئے حلال ہے جبتک کہ اسکی حرمت پر دلیل شرعی قائم نہ ہو۔
اس بناء پر صورت مذکورہ میں پولیو کے قطرے بلاشک وشبہ جائز الاستعمال ہیں۔
مزید براں مستند ڈاکٹروں کی رائے کے مطابق ان قطروں میں کوئی مضر صحت و مہلک اجزاء شامل
نہیں ہیں۔

لہٰذا انکے استعمال میں شرعاً کوئی مضائقہ نہیں ہے۔
بنابریں ہر پاکستانی کا فرض ہے کہ اس مہم کو کامیاب بنائے۔
اس لئے کہ قرآن مجید کا فیصلہ من احیاها فکانما احیا الناس جمیعا۔
جس نے ایک شخص کی زندگی کو بچایا گویا اس نے پوری انسانیت کو بچا لیا۔

مصباح العلوم الجعفریہ
24-2-007

صفحہ نمبر 12

رجسٹر نقل فتاویٰ جامعہ دارالعلوم کراچی

فتویٰ نمبر مع رجسٹر نمبر	تاریخ نقل فتاویٰ	نام وپتہ مستفتی	مضمون سوال وجواب	تبویب	عنوان

HEALTH CENTRE
JAMIA DARULULOOM, KARACHI-75180
TEL.: 5042168, 5042705, 5040923, 5049774-6

مرکز صحت
جامعہ دارالعلوم کراچی

DATE 02 MAY 2002

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حفاظتی ٹیکے:

الف — بچوں کی پیدائش کے بعد سے ۵ سال تک

ب — دورانِ حمل خواتین کو۔

مثلاً — بی۔سی۔جی + پولیو قطرے (پیدائش کے فوراً بعد)

— ہیپاٹائٹس بی کے بچاؤ کے ٹیکے (پیدائش کے فوراً بعد)

— ڈی۔پی۔ٹی اور پولیو۔ ڈیڑھ ماہ۔ ڈھائی ماہ۔ ساڑھے تین ماہ۔ ڈیڑھ سال۔ ۵ سال

— میزلس (خسرہ) ۹ ماہ

— ایم۔ایم۔آر (ایک سال تا ۱۵ ماہ)

— HiB (ہیب) ۶ ماہ تا ایک سال

— ٹائیفائیڈ — ۲ سال

— ہیپاٹائٹس اے — پیدائش — ایک ماہ بعد — ۶ ماہ بعد

خواتین کے لیے

حمل کے ۶ ماہ میں
〃 ۸ ماہ میں | ATS (اے ٹی ایس)

مذکورہ بالا تمام حفاظتی ٹیکے بالکل بے ضرر ہیں۔ اور مختلف بیماریوں سے بچنے کے لیے ضرور لگوانے چاہئیں۔
ان ٹیکوں کے بارے میں جو بھی شکوک و شبہات ہیں غلط ہیں۔

DR. NAZIR ...
SENIOR MEDICAL OFFICER
JAMIA DARUL ULOOM
KARACHI

صفحہ نمبر 13

رجسٹر نقل فتاوی جامعہ دار العلوم کراچی

عنوان	تبویب	مضمون سوال وجواب ۳۳	نام و پتہ مستفتی	تاریخ نقل فتاویٰ	فتویٰ نمبر مع رجسٹر نمبر

بچوں کو پولیو کے قطرے پلانا جائز ہے؟
جائز ہے

الجواب حامداً ومصلیاً

پولیو کے قطروں کے بارے میں ڈاکٹر حضرات سے رجوع کرنے سے معلوم ہوا، کہ یہ قطرے اور حفاظتی [redacted] بیماریوں سے بچاؤ کیلئے ہیں، اور یہ نقصان دہ نہیں ہیں، لہذا انہیں استعمال کرسکتے ہیں، اور اسکے بارے میں جو شکوک وشبہات ہیں، وہ درست نہیں ہیں۔ (ڈاکٹری تحقیق منسلک ہے) (ماخذہ التبویب بتغیر)

اور مذکورہ جواب کی درج ذیل عبارات سے تائید ہوتی ہے۔

فی الدر المختار: ۲/۴۲۳ (بلساعن)......

وصحیح خاف المرض، وخادمة خافت الضعف بغلبة الظن بأمارة أو تجربة أو بإخبار طبیب حاذق مسلم مستور...... (الفطر)۔

وفی البحر: ۲/۲۸۲

وفی الظهیریة رضیع مبطون یخاف موته من هذا الدواء وزعم الأطباء أن الظئر إذا شربت دواء کذا برئ الصغیر قبل لها ذلك، إذا قال ذلك الأطباء الحذاق الخ۔

وفی الهندیة: ۵/۳۵۵

یجوز للعلیل شرب الدم والبول وأکل المیتة للتداوی إذا أخبره طبیب مسلم أن شفاءه فیه ولم یجد من المباح ما یقوم مقامه (ملتقی)۔

وفی البدائع: ۱/۶۲: ثم عند أبی یوسف یباح شربه (أی أبوال) للتداوی...... وعند أبی حنیفة لا یباح لأن الاستشفاء بالحرام الذی لا یتیقن حصول الشفاء به حرام ولکن إنما لا یحل فیه الشفاء ولا شفاء فیه عند الأطباء وکذا فی الدر ۱/۲۱۰)

واللہ سبحانہ وتعالیٰ أعلم

ضیاء الرحمٰن المکی عفی عنہ
دار الإفتاء دار العلوم کراچی
۲۲ / ۵ / ۱۴۲۵ھ

الجواب صحیح
[signature]
۲۲-۵-۱۴۲۵ھ

الجواب صحیح
[signature]
دار الإفتاء دار العلوم کراچی
۲۴-۵-۱۴۲۵ھ

الجواب صحیح
محمد عبد المنان عفی عنہ
۲۴ / ۵ / ۱۴۲۵ھ

پولیو کے بارے میں عام طور پر پوچھے گئے سوالات اور اُن کے جوابات

پولیو کے بارے میں عام طور پر پوچھے گئے سوالات اور اُن کے جوابات

پولیو کیا ہے؟

پولیو ایک ایسی بیماری ہے جو وائرس کے ذریعے ایک بچے سے دوسرے بچے کو لگ سکتی ہے۔ پولیو کا وائرس بچے کے جسم میں داخل ہو کر معذوری یا موت کا باعث بن سکتا ہے۔

پولیو کی ابتدائی علامات کیا ہیں؟

پولیو کی ابتدائی علامات یہ ہیں:

بخار	تھکن	سر درد
پٹھوں میں درد	الٹیاں یا قے	گردن میں تناؤ

پولیو کی علامات کب ظاہر ہوتی ہیں؟

پولیو کا وائرس بچے کے جسم میں داخل ہونے کے 7 سے 14 دِن کے اندر پولیو کی ابتدائی علامات ظاہر ہو سکتی ہیں۔

کیا ہر وہ بچہ جس کے جسم میں پولیو کا وائرس داخل ہو جاتا ہے، پولیو سے متاثر ہو کر معذور ہو جاتا ہے؟

نہیں، ایسا نہیں ہے۔ جو بچے پانچ سال کی عمر تک ہر پولیو مہم کے دوران پولیو سے بچاؤ کے قطرے پی لیتے ہیں، ان کے جسم میں پولیو کے خلاف اچھی قوتِ مدافعت پیدا ہو جاتی ہے اور وہ جسم میں وائرس کی موجودگی کے باوجود پولیو کی بیماری سے محفوظ رہتے ہیں۔

مگر وہ بچے جو یہ قطرے باقاعدگی سے نہیں پی پاتے، آسانی سے پولیو کے وائرس کا شکار ہو کر معذوری یا موت کے منہ میں جا سکتے ہیں۔ کیونکہ ان کے جسم میں اس بیماری کے خلاف لڑائی کی بھرپور طاقت نہیں ہوتی۔

کیا ہر بچے کو پیدائش کے فوراً بعد پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلوانا ضروری ہے؟

جی ہاں! کیونکہ بہت چھوٹے بچوں میں بیماریوں کے خلاف لڑائی کی قوت نہیں ہوتی اس لئے وہ بہت جلد اور بہت آسانی سے پولیو جیسی خطرناک بیماری کا شکار ہو کر عمر بھر کیلئے معذور ہو سکتے ہیں۔

پولیو سے بچاؤ کے قطرے 5 سال تک کی عمر کے بچوں کو ہی کیوں پلائے جاتے ہیں؟

تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ 5 سال تک کی عمر کے بچے ہی پولیو سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں کیونکہ ان کے جسم میں بیماریوں سے لڑنے کی بھرپور صلاحیت نہیں ہوتی۔ اسی لئے 5 سال کی عمر کے بچوں کو ہر مہم کے دوران پولیو سے بچاؤ کے قطروں کی خوراک پلائی جاتی ہے تا کہ معذوری کے خلاف بھرپور قوتِ مدافعت پیدا کی جا سکے۔

پولیو سے بچاؤ کے قطرے ہر مہم میں پلانا کیوں ضروری ہے؟

پولیو سے بچاؤ کے قطروں کی خوراک ہر مہم میں بچے کو پلانا اسلئے ضروری ہے تا کہ اس کے جسم میں بیماری کے خلاف مضبوط اور بھرپور تحفظ موجود ہو۔ اس کی مثال بالکل ایسے ہی ہے جیسے مضبوط دیوار بنانے کیلئے ایک ایک اینٹ کو چُنا جاتا ہے۔

کیا پولیو سے بچاؤ کے قطروں کی کچھ خوراکیں بچے کو نہ پلوانے سے کوئی فرق پڑتا ہے؟

پولیو کے خاتمے کیلئے لازمی ہے کہ 5 سال تک کی عمر کے ہر بچے کو مہم کے دوران قطرے پلوائے جائیں۔ اگر ایسا نہ کیا جائے تو بچے کی قوتِ مدافعت کمزور پڑ سکتی ہے اور وہ اردگرد

کے ماحول میں موجود پولیو وائرس سے متاثر ہوسکتا ہے۔ایسی صورت میں پچھلی پلائی ہوئی خوراکیں بھی کارگر نہیں ہوتیں۔اس کی مثال بالکل ایسے ہی ہے جیسے دیوار بناتے وقت کچھ اینٹیں نہ لگائی جائیں تو بارش کا پانی سوراخوں میں سے اندر آجاتا ہے۔

کیا پولیو سے بچاؤ کے قطرے بچے کیلئے محفوظ ہیں؟

جی ہاں! پولیو ویکسین اب تک بننے والی ہر ویکسین سے زیادہ محفوظ ہے۔یہ ویکسین عالمی ادارۂ صحت کی ہدایات کے مطابق عالمی معیار کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کی جاتی ہے اور اسے ہر مرتبہ استعمال سے پہلے پرکھا جاتا ہے۔

کیا پولیو ویکسین کسی اور بیماری کا باعث بن سکتی ہے؟

جی نہیں! یہ ویکسین صرف پولیو کے خلاف تحفظ پیدا کرتی ہے۔یہ کسی اور بیماری یا بخار کا باعث نہیں بنتی۔

کیا بیمار بچوں کو بھی پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلوائے جاسکتے ہیں؟

جی ہاں! بیمار بچوں کو بھی ہر مہم کے دوران پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلوانا ضروری ہے کیونکہ بیماری کے دوران بچے کی بیماریوں سے لڑنے کی قوت کمزور ہوجاتی ہے اور پولیو ویکسین کی خوراک اسے پولیو کے خلاف تحفظ فراہم کرتی ہے اور اسے کوئی نقصان نہیں پہنچاتی۔

بچوں کو ہر مہم کے دوران پولیو ویکسین کے دو قطرے ہی کیوں پلائے جاتے ہیں، کم یا زیادہ کیوں نہیں؟

پولیو ویکسین کی ہر خوراک دو قطروں پر مشتمل ہے۔اگر کم خوراک دی جائے تو اس کا وہ اثر نہیں ہوتا جو پولیو سے یقینی بچاؤ کیلئے ضروری ہے اور زیادہ قطرے دینے سے بچے کو کوئی اضافی فائدہ نہیں ہوتا بلکہ ویکسین ضائع ہوتی ہے۔اس طرح بہت سے بچے ویکسین پینے سے رہ سکتے ہیں۔

کیا پولیو سے بچاؤ کے قطرے حلال ہیں؟

جی ہاں! پولیو ویکسین مفید اور حلال ہے۔دُنیا بھر کے 160 سے زیادہ مسلم علماً اور رہنما پولیو ویکسین کو حلال قرار دے چکے ہیں۔جن میں مصر، سعودی عرب، انڈونیشیا، انڈیا، پاکستان اور دیگر مما لک کے جید اور مشہور مذہبی رہنما شامل ہیں۔

کیا پولیو ویکسین میں خاندانی منصوبہ بندی کے کوئی اجزاء شامل ہیں؟

جی نہیں! پولیو ویکسین میں خاندانی منصوبہ بندی کا کوئی جز وشامل نہیں۔پولیو ویکسین بچوں یا بڑوں کے جسم میں کوئی ایسے اثرات پیدا نہیں کرتی جس سے ان کی بچے پیدا کرنے کی صلاحیت متاثر ہو۔

کیا پولیو ویکسین امریکہ سے آتی ہے؟

عالمی ادارۂ صحت ہر مہم سے پہلے اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ عالمی معیار کے مطابق پولیو ویکسین حاصل کی جائے جو مؤثر اور مفید ہو۔یہ ویکسین کسی بھی ملک میں تیار ہوسکتی ہے بشرطیکہ یہ عالمی معیار کے مطابق ہو۔

کیا پاکستان میں استعمال ہونے والی پولیو ویکسین دیگر مما لک میں استعمال ہونے والی پولیو ویکسین سے مختلف ہے؟

جی نہیں! پاکستان میں وہی پولیو ویکسین استعمال کی جاتی ہے جو دنیا کے دیگر مما لک میں استعمال کی گئی یا کی جارہی ہے۔تمام مسلم مما لک میں جن میں سعودی عرب، انڈونیشیا، مصر اور یمن بھی شامل ہیں، یہی پولیو ویکسین استعمال کرکے پولیو کا خاتمہ کیا گیا ہے۔

Fatwa No.15	Dar ul Aftaa Jamia Islamia Arabia Anwaar ul Uloom
Fatwa No.16	Jamia Dar ul Aloom Obaidia Rehmania
Fatwa No.17	Mufti, Jamia Khair ul Madaris
Fatwa No.18	Jamia Rehmania Ehl-e-Hadees
Fatwa No.19	Misbah ul Aloom al Jafria
Fatwa No. 20	Dar ul Aftaa, Dar ul Aloom, Karachi
FAQs	Frequently Asked Questions and their Answers

List of Fatwas

Fatwa No.1	Organization of Islamic Conference
Fatwa No.2	Imam Aqsa Mosque (Bait ul Maqdas)
Fatwa No.3	Dr. Tantawi, Grand Imam Al-Azher Al Sharif
Fatwa No.4	Ministry of Justice, Egypt
Fatwa No.5	Malaysia China Muslim Association
Fatwa No.6	Scholars, Islamic Ideology Council and Wafaq ul Madaris
Fatwa No.7	Director, Dar ul Aloom Deoband
Fatwa No.8	Dar ul Aloom, Qadria, Dera Ismail Khan
Fatwa No.9	Dar ul Aloom Arabia, Mazhar ul Aloom, KP
Fatwa No.10	Scholars of North Waziristan
Fatwa No.11	Director Jamia tul Binoria al Alamia, Karachi
Fatwa No.12	Al Jamia tul Islamia, Balochistan
Fatwa No.13	Endorsement by doctors and religious scholars
Fatwa No.14	Al Jamia tul Arabia, Karachi

پولیو کے دو قطرے
ہر بچہ ہر بار

Polio Eradication Campaign and Endorsement by Muslim Scholars

National EPI Programme
Government of Pakistan

unicef

World Health Organization